# بلوچستان صوبائی اسمبلی

بروز جمعرات مورخہ 4/فروری 2021ء

نشان زدہ سوالات اور انکے جوابات

(1) محکمہ کھیل (2) محکمہ معدنیات (3) محکمہ پبلک ہیلتھ انجینئرنگ

(4) محکمہ آبپاشی (5) محکمہ ماہی گیری

☆227 **میر زابد علی ریکی رُکن اسمبلی** — نوٹس موصول ہونے کی تاریخ 9 اکتوبر 2019

کیا وزیر کھیل ازراہ کرم مطلع فرمائیں گے کہ۔ — مورخہ 8 ستمبر اور 3 دسمبر 2020 کو موخر شدہ

ضلع واشک میں مختلف کھیلوں کے رجسٹرڈ ٹیموں کی کل تعداد کسقدر رہے نیز ان ٹیموں کیلئے سال 2017 تا حال جاری کردہ رقم کی ٹیم وار تفصیل بھی دی جائے۔

**وزیر کھیل**

رجسٹر ٹیموں کا تعلق ایسوسی ایشنز کے ساتھ ہوتا ہے جبکہ محکمہ کھیل امور نوجوانان بلوچستان کی سپورٹس ایسوسی ایشن کو سالانہ فنڈ کی ادائیگی کرتا ہے جو اے۔بی۔سی کیٹگری کے حساب سے دیئے جاتے ہیں۔

☆275 **میر زابد علی ریکی رُکن اسمبلی** — نوٹس موصول ہونے کی تاریخ 26 فروری 2020

کیا وزیر کھیل ازراہ کرم مطلع فرمائیں گے کہ۔ — مورخہ 3 دسمبر 2020 کو موخر شدہ

(الف) کیا یہ درست ہے کہ مالی سال 2020-2019 کے بجٹ میں ضلع واشک میں اسپورٹس کمپلیکس کے قیام کیلئے رقم مختص کی گئی ہے نیز کیا یہ بھی درست ہے کہ مذکورہ کمپلیکس سال 2020-2019 میں تعمیر کیا جائے گا۔

(ب) اگر جز والف کا جواب اثبات میں ہے تو کل کسقدر رقم مختص کی گئی ہے نیز کیا مذکورہ کمپلیکس سال ۲۰۲۰-۲۰۱۹ میں تعمیر کیا جائے گا تفصیل بھی دی جائے گا۔

**وزیر کھیل**

جی ہاں یہ درست ہے کہ ضلع واشک میں سپورٹس کمپلیکس تعمیر کیا جارہا ہے اور اس کیلئے مبلغ 257.00 ملین رقم مختص کی گئی ہے سال 2019.2020 میں محکمہ کھیل نے پروجیکٹ ڈائریکٹر کی تعیناتی کی ہے جو کہ ہر ڈویژن کا کمشنر ہوگا ضلع واشک میں 165 ایکڑ پر مشتمل اسپورٹس کمپلیکس تعمیر کیا جائے گا جس میں کھیلوں کی تمام سہولیات شامل کیئے جائیں گے اسپورٹس کمپلیکس کی تعمیر بلوچستان کے ہر ضلع میں کی جارہی ہے جو کہ ہر ڈویژن کے کمشنر کی سربرائی میں تعمیر کیا جائے گا اس کے ساتھ کنسلٹنٹ کی سروسز بھی ہائر کی گئی ہے اب سال 2020.2021 میں سپورٹس کمپلیکس کا کام شروع کیا جائے گا PC.I محکمہ پلاننگ وڈویلپمنٹ کو برائے منظوری بھجوادیئے گئے ہیں جیسے ہی فنڈز جاری کیئے گئے تو ٹینڈر جاری کیئے جائیں گے تا کہ جلد از جلد کام شروع کیا جائے۔

☆381 **جناب نصر اللہ خان زیرے رُکن اسمبلی** نوٹس موصول ہونے کی تاریخ 12 اکتوبر 2020

کیا وزیر کھیل ازراہ کرم مطلع فرمائیں گے کہ۔ مورخہ 3 دسمبر 2020 کو موخر شدہ

سپورٹس کمپلکیس ژوب کب سے زیر تعمیر ہے اور اس پر ابتک کسقدر رفیصد کام مکمل کیا گیا ہے نیز یہ کب پایہ تکمیل کو پہنچایا جائے گا تفصیل دی جائے۔

**وزیر کھیل**

اسپورٹس کمپلیکس ژوب وفاقی اسکیم ہے جس کی ٹوٹل مالیت 53.596 ملین تھی جو 2013 میں صوبائی حکومت بلوچستان کو منتقل ہوگئی تھی جس پر اس وقت تک وفاقی حکومت نے 15.445 ملین خرچ کیئے تھے اور منتقلی کے بعد صوبائی حکومت نے درج ذیل فنڈز ریلیز کیئے۔

2014 میں 14.473 ملین، 2015 میں 13.095 ملین اور 2016 میں 10.583 ملین ریلیز کیئے

ٹوٹل فنڈز 53.596 ملین وفاق اور صوبائی حکومت نے اس اسکیم پر ریلیز کیئے مگر Physical Progress

56% رہی جسکی وجہ سے اس اسکیم پر انکوائری ہورہی ہے

## ☆302 جناب احمد نواز بلوچ رُکن اسمبلی

**نوٹس موصول ہونے کی تاریخ 18 اگست 2020**

کیا وزیر معدنیات ازراہ کرم مطلع فرمائیں گے کہ۔

**مورخہ 3 دسمبر 2020 کو موخر شدہ**

ضلع بولان/کچھی کی تحصیل مچھ میں کول مائنز کی کل تعداد کسقدر ہے اور یہ کن کن کے نام الاٹ کیے گئے ہیں نیز یہ مائنز مذکورہ تحصیل کے کن کن علاقوں واقع ہیں تفصیل بھی دی جائے۔

### وزیر معدنیات

ضلع بولان کچھی کو تحصیل مچھ میں 51 مائینگ لیزز، 11 پراسپیکٹنگ لائسنسز ہیں جن کی تفصیل آخر پر منسلک ہے ۔

## ☆399 میر حمل کلمتی رُکن اسمبلی

کیا وزیر معدنیات ازراہ کرم مطلع فرمائیں گے کہ۔

**مورخہ 3 دسمبر 2020 کو موخر شدہ**

(الف) کیا یہ درست ہے کہ ریکوڈک سے متعلق کیس عالمی عدالت میں زیر سماعت ہے۔

(ب) اگر جز والف کا جواب اثبات میں ہے تو مذکورہ کیس پر ابتک آمدہ لاگت کی تفصیل دی جائے۔

### وزیر معدنیات

(الف) ہاں یہ ٹھیک ہے ریکوڈک کا معاملہ بین الاقوامی مرکز برائے سرمایہ کاری کے تنازعات کے حل ( آئی سی ایس آئی ڈی ) اور بین الاقوامی چیمبر آف کامرس ( آئی سی سی ) میں زیر التوا ہے۔

(ب) ریکوڈک کیس کے خراجات کی تفصیلات کچھ اس طرح ہیں۔

| نمبر شمار | سال | اخراجات (پاکستانی روپے) |
|---|---|---|
| 1 | 2013-2014 | Rs.481,154,000,00 |
| 2 | 2014-2015 | Rs.1,070,300,000,00 |
| 3 | 2016 | Rs.238,404,200,00 |
| 4 | 2017 | Rs.610,000,000,00 |
| 5 | 2017-2018 | Rs-828,900,001,00 |
| 6 | 2018 | Rs-520,000,000,00 |

| | | |
|---|---|---|
| Rs1,064,250,000,00 | 2019-2020 | 7 |
| Rs-525,000,001,00 | 2020 | 8 |
| Rs-5,388,008,202,00 | کل رقم | |

☆329 **جناب نصر اللہ خان زیرے رُکن اسمبلی** نوٹس موصول ہونے کی تاریخ **8 ستمبر 2020**

کیا وزیر پبلک ہیلتھ انجینئرنگ ازراہ کرم مطلع فرمائیں گے کہ۔ مورخہ 3 دسمبر **2020** کو موخر شدہ

کیا یہ درست ہے کہ مالی سال 2021۔2020 کے مرکزی پی ایس ڈی پی میں مانگی ڈیم کیلئے رقم مختص کی گئی ہے اگر جواب اثبات میں ہے تو کل کسقدر رقم مختص کی گئی ہے تفصیل تاحال آمدہ اخراجات کے دی جائے نیز کیا یہ بھی درست کہ مذکورہ مالی سال کے صوبائی پی ایس ڈی پی میں مذکورہ ڈیم کیلئے رقم مختص کی گئی ہے اگر جواب اثبات میں ہے تو کل کسقدر رقم مختص کی گئی ہے تفصیل تاحال جاری کردہ رقم کے دی جائے۔

**وزیر پبلک ہیلتھ انجینئرنگ**

مالی سال 2020.2021 کے وفاقی پی ایس ڈی پی میں مانگی ڈیم کیلئے کل 1745.0 ملین مختص کی گئی ہے جبکہ مذکورہ سال کے صوبائی پی ایس ڈی پی میں مذکورہ ڈیم کیلئے کل 500.0 ملین مختص کیے گئے ہیں اور تاحال آمدہ اخراجات تا اکتوبر 2020 4262.744 ملین ہے نیز تاحال وفاقی پی ایس ڈی پی سے ریلیز/ جاری شدہ رقم 310.0 ملین جبکہ صوبائی پی ایس ڈی پی سے تاحال ریلیز/ جاری شدہ رقم 100.0 ملین ہیں۔

☆330 **جناب نصر اللہ خان زیرے رُکن اسمبلی** نوٹس موصول ہونے کی تاریخ **8 ستمبر 2020**

کیا وزیر پبلک ہیلتھ انجینئرنگ ازراہ کرم مطلع فرمائیں گے کہ۔ مورخہ 3 دسمبر **2020** کو موخر شدہ

کیا یہ درست ہے کہ مالی سال 2021۔2020 کے مرکزی پی ایس ڈی پی میں ہلک ڈیم کیلئے رقم مختص کی گئی ہے اگر جواب اثبات میں ہے تو کل کسقدر رقم مختص کی گئی ہے اور مذکورہ ڈیم پر اب تک کسقدر فیصد کام کیا گیا ہے تفصیل دی جائے نیز کیا یہ بھی درست ہے کہ مذکورہ مالی سال کے صوبائی پی ایس ڈی پی میں مذکورہ ڈیم کیلئے رقم مختص کی گئی ہے اگر جواب اثبات میں ہے تو کل کسقدر رقم کی گئی ہے تفصیل بھی دی جائے

**وزیر پبلک ہیلتھ انجینئرنگ**

مالی سال 2020.2021 کے وفاقی پی ایس ڈی پی میں ہلک ڈیم کیلیئے رقم مختص نہیں کی گئی اور اس پر کوئی کام نہیں کیا گیا ہے اور نہ ہی صوبائی پی ایس ڈی پی کے مد میں مذکورہ ڈیم کیلیئے کوئی بھی رقم مختص کی گئی ہے

☆347 **جناب نصر اللہ خان زیرے رُکن اسمبلی** **نوٹس موصول ہونے کی تاریخ 8 ستمبر 2020**

کیا وزیر پبلک ہیلتھ انجینئرنگ از راہ کرم مطلع فرمائیں گے کہ۔ **مورخہ 3 دسمبر 2020 کو موخر شدہ**

محکمہ پبلک ہیلتھ انجینئرنگ میں جون 2018 تا 31 / اگست 2020 کے دوران تعینات کردہ ملازمین کے نام بمعہ ولدیت، جائے تعیناتی، تنخواہ اور لوکل/ ڈومیسائل کی تفصیل دی جائے۔

## وزیر پبلک ہیلتھ انجینئرنگ

محکمہ پبلک ہیلتھ انجینئرنگ میں جون 2018 تا 31 اگست 2020 کے دوران تعینات کردہ ملازمین کی تفصیل آخر پر منسلک ہے

☆350 **جناب نصر اللہ خان زیرے رُکن اسمبلی** **نوٹس موصول ہونے کی تاریخ 8 ستمبر 2020**

کیا وزیر آبپاشی از راہ کرم مطلع فرمائیں گے کہ۔ **مورخہ 3 دسمبر 2020 کو موخر شدہ**

(الف) کیا یہ درست ہے کہ مالی سال 2021۔2020 کے بجٹ میں ضلع کوئٹہ میں ڈیمز اور چیک ڈیمز کی تعمیر کیلیئے فنڈ/ رقم مختص کی گی ہے۔

(ب) اگر جز والف کا جواب اثبات میں ہے تو کل کسقدر رقم مختص کی گی ہے نیز ان کے نام، علاقہ، تاریخ تکمیل اور لاگت کی ڈیم و چیک ڈیم وار تفصیل بھی دیجائے۔

## وزیر آبپاشی

اس سال صوبائی سالانہ ترقیاتی پروگرام یعنی 2020-2021 ضلع کوئٹہ کے لئے ایک نیا ڈیم شامل کیا گیا ہے اس کا نام سارا خلا ڈیم ہے اور جس کی لاگت 500 میلن روپے ہے اور تین ڈیمز پر کام جاری ہے جو کہ سال 2019.2020 کے منظور شدہ ہیں۔

1۔ پنچپائی ڈیم کلی سردار اورنگزیب سمالانی۔ ضلع کوئٹہ۔

۲۔ کچ ڈیلے ایکشن ڈیم سراخلا ایریا ضلع کوئٹہ۔

۳۔ سرہ غڑگی ڈیلے اکشن ڈیم ضلع کوئٹہ۔

**☆396 میر زابدعلی ریکی رُکن اسمبلی** — **نوٹس موصول ہونے کی تاریخ 9 اکتوبر 2019**

کیاوزیرآبپاشی ازراہ کرم مطلع فرمائیں گے کہ۔

محکمہ آبپاشی کی جانب سے مالی سال 2019.2020 کے پی ایس ڈی پی میں ضلع واشک سے متعلق کل کتنے ترقیاتی اسکیمات شامل کیے گئے ہیں ان کے نام، آمدہ لاگت اور مدت تکمیل کی اسکیم وار تفصیل دی جائے۔

**وزیرآبپاشی**

محکمہ آبپاشی کی جانب سے مالی سال 2019.2020 کی صوبائی پی ایس ڈی پی میں ضلع واشک سے کوئی اسکیم شامل نہیں کی گئی ہے تاہم وفاقی پی ایس ڈی پی میں ضلع واشک میں دوڈیموں کی منظوری اور کام جاری ہے تفصیل ذیل ہے۔

1 سمشی ڈیم جس کی لاگت 43 کروڑ ہے اور مدت تکمیل دسمبر 2021 ہے۔

2 واشک ڈیم جس کی لاگت 64 کروڑ ہے اور مدت تکمیل دسمبر 2021 ہے۔

**☆357 میر یونس عزیز زہری رُکن اسمبلی** — **نوٹس موصول ہونے کی تاریخ 15 ستمبر 2020**

کیاوزیرماہی گیری زراہ کرم مطلع فرمائیں گے کہ۔ — **مورخہ 3 دسمبر 2020 کو موخرشدہ**

محکمہ مائی گیری ضلع خضدار میں سال 2021۔2020 کے دوارن شروع کیے گئے پراجیکٹس کے نام مختص کردہ لاگت کی تفصیل دی جائے نیز مذکورہ ضلع میں تعینات کردہ ملازمین کی کل تعداداور جائے تعیناتی کی تفصیل بھی دی جائے۔

**وزیرماہی گیری**

محکمہ ماہی گیری کا ضلع خضدار میں مالی سال 2020 اور 2021 کیلئے کوئی منصوبہ نہیں نیز مذکورہ ضلع میں تعینات کردہ کل ملازمین کی تفصیل آخر پر منسلک ہے

کوئٹہ — سیکرٹری

مورخہ 2/دسمبر 2020 — بلوچستان صوبائی اسمبلی